زندگی کے اکثر و بیشتر پہلو اس میں بیان کر دئے گئے ہیں، اور جگہ جگہ مسائل اسلامی کو سمجھانے کے لیئے دلچسپ اور دل نشین تشریحات بھی کی گئی ہیں۔ زبان نہایت سلیس اور عام فہم ہے۔ مسائل کے بیان میں فقیہانہ اور متکلمانہ بحثوں سے اجتناب کر کے صرف وہی معلومات پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے جن کی عام مسلمانوں کو ضرورت ہے۔ ترتیب کتاب میں اصلاح و ترقی کی بہت گنجائش تھی۔ مگر مولف کی یہی خدمت کیا کچھ کم قابل داد ہے کہ انہوں نے کثرت مشاغل کے باوجود ایک ایسی کتاب مرتب کر دی جو موجودہ حالات میں عامۂ مسلمین کی مذہبی رہنمائی کے لیے بہت مفید ہے۔

عباد اللہ: تالیف مولوی میر محمد صاحب ربانی، مدرس فارسی ہائی اسکول۔ رحیم یار خاں۔ ریاست بہاولپور ضخامت ۸۰ صفحات۔ قیمت درج نہیں۔

مؤلف نے تعلیمات قرآنی کی اشاعت کے لیے تفسیر قرآن کا ایک سلسلہ شروع کیا ہے اور سہولت کے لیے اس کو چھوٹے چھوٹے رسالوں کی صورت میں شائع کرنا چاہتے ہیں۔ زیر نظر رسالہ اس سلسلہ کا پہلا نمبر ہے۔ اس میں سورہ فرقان کے چھٹے رکوع کی تفسیر بیان کی گئی ہے جو وعباد الرحمٰن یمشون علی الارض ھونًا۔ سے شروع ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس رکوع میں مومن کی صفات مفصل بیان فرمائی ہیں۔ مؤلف نے ابتدا میں اس کا لفظی ترجمہ دیا ہے اور پھر ایک ایک صفت کی تشریح کی ہے۔ بیان عام فہم اور موثر ہے۔ اس قسم کے رسالوں کی اشاعت مسلمانوں کے اخلاق و اعمال کی اصلاح کے لیے بہر طور مفید ہے۔

معلم الصلاۃ: تالیف حکیم سید محمد حسن صاحب بخاری۔ کپور تھلہ۔ ضخامت ۴۴ صفحات قیمت ۵؎۔

اس رسالہ میں مؤلف نے ان تمام عبارتوں اور قرآنی سورتوں اور دعاؤں کا سلیس ترجمہ اردو اور پنجابی زبان میں لکھا ہے جو نماز میں پڑھی جاتی ہیں۔ ابتدا میں قرأت کے ابتدائی اصول سمجھائے ہیں۔ پھر تمام عربی عبارات کے الگ الگ الفاظ لکھ کر ان کے نیچے لفظی ترجمہ اور لفظی